رہبر معظم کے دفتر کا چاند کے بارے میں بیان - 1 /Aug/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ آج پیر کے دن رمضان المبارک کا چاند نظر نہیں آیا لہذا آج یکم اگستمطابق 10 مرداد،بروز پیر شعبان المعظم کی آخری تاریخ ہے۔

اعلامیہ کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایران کی عزیز و شریف قوم اور تمام عزیز بھائیوں اور بہنوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ رمضان المبارک کی پہلی تاریخ کے تعین کی اہمیت کے پیش نظرملک بھر میں کئی گرویوں اور ٹیموں نے چاند دیکھنے کی کوشش کی اور کوئی بھی ریورٹ اطمینان بخش ثابت نہیں ہوئی لہذا رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کے لئے پیر کی چاند کا حلول ثابت نہیں ہوا۔

لہذامؤمنین حضرات آج یکم اگست، مطابق 10 مرداد بروز پیر شعبان المعظم کی آخری تاریخ قرار دیں اور جو لوگ ثواب حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اس دن مستحبی یا قضا روزہ کے عنوان سے روزہ رکھ سکتے ہیں۔

دفتر رہبر معظم انقلاب اسلامی